Urdu

ہالٹن سائنس معاہدہ ِ حفاظت 2014-15

آپ اپنے ساتھ ساتھ، اپنے ارد گرد موجود تمام لوگوں کی حفاظت کے بھی ذمّہ دار ہیں۔کسی بھی غیر ذمّہ دارانہ یا غیر محفوظ طرزِ عمل کے نتیجہ میں آپ سائنس لیب (تجربہ گاہ) کے ہر قسم کے استعمال کی سہولت سے محروم ہو جائیں گے۔

عمومی حفاظتی تدابیر

1. تجربہ گاہ میں کسی بھی قسم کی اچھل کود سے پرہیز کریں، تجربہ گاہ میں موجود دوسرے لوگوں کا خیال رکھیں۔
2. تجربہ گاہ یا تیاری کے کمرہ میں کوئی طالبعلم اکیلا، بغیر نگران کے موجود نہیں رہ سکتا۔
3. تجربہ کی پوری تیاری کر کے آئیں نیز تمام مراحل کی حفاظتی تدابیر کا مطالعہ کر کے آئیں۔
4. تجربہ گاہ کے بنچوں پر مت بیٹھیں۔
5. دورانِ تجربہ ،تمام طالبعلم کھڑے رہیں گے۔
6. تجربات کرتے وقت، کام کرنے کی جگہ کو صاف اور فالتو اشیاء سے پاک رکھیں۔
7. بغیر نگرانی، ہر قسم کا تجربہ ممنوع ہے۔
8. بیوٹین لائٹر، ماچس اور دوسری آتش گیر اشیاء کو کلاس میں لانا ممنوع ہے۔
9. تجربہ گاہ میں نقصان دہ کیمیکلز کی موجودگی کے باعث کھانا پینا اور چیونگم چبانا ممنوع ہے۔
10. تجربہ گاہ میں کسی بھی کیمیائی یا دوسرے مواد کو چکھنے کی کوشش نہ کریں۔
11. واضح ہدایات کی عدم موجودگی میں، کسی کیمیائی مواد کو سونگھنے کی کوشش نہ کریں البتہ ایسا کرنے کی ہدایت کی صورت میں وافٹنگ کا طریقہ استعمال کریں۔

حفاظتی سامان

1. ہر قسم کے حفاظتی سامان کی جگہ سے واقف رہیں، اِن میں آگ بجھانے کے آلات، آنکھیں دھونے کا محلول، ابتدائی طبّی امداد کی اشیاء، آگ لگنے کی صورت میں خطرہ کی گھنٹی اور ہنگامی حالت میں باہر نکلنے کے راستے شامل ہیں۔
2. تمام تجربات کے لئے حفاظتی چشموں (عینک) کا استعمال لازمی ہے۔کانٹیکٹ لینز کی بجائے نظر کی عینک و حفاظتی چشمے استعمال کریں۔
3. آگ کا کام کرنے ،یا دھیرے دھیرے گھلنے والے (کروسِو) مواد کے استعمال کی صورت میں بھی حفاظتی چشمے کا استعمال لازمی ہے۔
4. تجربہ گاہ کے لئے مناسب لباس پہننا چاہئیے نیز لمبے بال باندھ لینے چاہیئں۔ اسی طرح، لٹکنے والے زیورات یا ڈھیلے ڈھالے لباس کو بھی محفوظ بنائیں۔ صرف پورا پاؤں ڈھانپنے والے (بند) جوتے پہننے چاہیئں۔ لیب والے روز، ہر قسم کے سینڈل (کھلے جوتے) پہننا منع ہے۔
5. اپنے استاد کی زیرِ ہدایت ،مزید کوئی ضروری حفاظتی سامان ہو تو وہ بھی استعمال کیا جائے۔

کیمیائی مواد کی احتیاط

1. تجربہ گاہ کے تمام کیمیکلز خطرناک سمجھے جائیں۔ جلد یا آنکھ کوہر قسم کے کیمیائی مواد سے بچائیں۔
2. کسی بھی بوتل سے کچھ نکالنے سے پہلے، بوتل کے مندرجات(ٹائٹل)ضرور پڑھ لیں۔ہر مرتبہ صرف اتنی مقدار نکالیں جتنی ضرورت ہو۔
3. باقی ماندہ کیمیکل کو کبھی بھی واپس بوتل میں مت ڈالیں،اپنے استاد کی ہدایت کے مطابق بقیہ کیمیکل کو احتیاط سے تلف کریں۔
4. کوئی بھی کیمیکل، سنک کی نالی میں مت پھینکیں، بقیہ کیمیکل ہمیشہ اپنے استاد کی ہدایت کےمطابق تلف/ضائع کریں۔
5. کوئی بھی کیمیکل یا دوسری اشیاءہر گز بھی تجربہ گاہ سے مت ہٹائیں۔
6. ڈبوں پر WHMIS یاHHPSکے نشانات تلاش کریں۔

شیشے کی اشیاء کے استعمال کی احتیاط

1. دراڑ شدہ یا کونے جھڑا ہوا سامان ہر گز مت استعمال کریں۔
2. ٹوٹے ہوئے کانچ کے متعلق فورا" اپنے استاد کو بتائیں،وہ اس سامان کو محفوظ طریقے سے صاف اور تلف کرنے کی ہدایت دیں گےشیشے کی اشیاء پھینکنے کے لیے ایک ڈرم مخصوص ہے۔
3. گیس بننے کے عمل کے دوران، بوتل کا ڈھکن سختی سے مت بند کریں،ایسا کرنے سے بوتل کے پھٹنے کا اندیشہ ہے۔
4. بیکر اور بوتلوں کے آئندہ ،محفوظ استعمال کے لئے ان کی اطراف او ر کونوں سے ٹپکنے والے قطرات ،اچھی طرح پونچھ دیں۔
5. تجربہ کے اختتام پر، تمام شیشے کا سامان،صاف کر کے واپس کر دیں۔

شیشے کے سامان کو گرم کرنا

1. بنسن برنر اپنے استاد کی ہدایت کے مطابق جلایا جائے۔کبھی بھی جلتا ہوا شعلہ بغیر نگرانی مت چھوڑیں۔
2. گرم شیشہ کبھی بھی گرم نہیں دِکھتا،تازہ گرم کیے گئے شیشے کے برتن کو چمٹی سے پکڑیں۔
3. گرم برتن، کبھی بھی پانی میں مت ڈبوئیں۔ اس سے برتن کے ٹوٹنے کا اندیشہ ہے۔
4. گرم کرتے وقت، ٹسٹ ٹیوب کا رخ ہمیشہ اپنے اور دوسروں سےمخالف طرف رکھیں۔ کبھی بھی ابلتے یا گرم ہوتے برتن کے اندر مت جھانکیں۔

بجلی کے سامان کی احتیاط

1. پانی اور گیلے ہاتھ،بجلی کی تاروں، سوئچ اور ساکٹ سے دور رکھیں۔
2. بجلی کے سوئچ کے اندر ، کسی قسم کی اشیا ء مت ڈالیں۔
3. آتشگیر مادہ ،بجلی کے سوئچ کے قریب ہر گز مت رکھیں۔
4. تاروں کو سوئچ سے نکالنے کے لئے، ہمیشہ تار کی بجائے، پلگ سے پکڑ کر کھینچیں۔
5. بجلی کی تاریں ایسی کسی جگہ ہر گز مت لگائیں جہاں سے کسی کے اٹکنے کا اندیشہ ہو۔
6. بیٹری کو کبھی کاٹ کر مت کھولیں، اس کا مواد ،زنگ آلود یا زہریلا ہو سکتا ہے۔

پروجیکٹائل کے ساتھ کام کرنا

1. پروجیکٹائل کا رخ ہمیشہ، لوگوں اور چیزوں کے مخالف جانب، کھلی جگہ کی طرف رکھیں جہاں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔
2. پروجیکٹائل کے استعمال سے قبل،ہمیشہ لوگوں کو اس کے ممکنہ خطرات سے آگاہ کردیں۔
3. پروجیکٹائل کبھی بھی کھڑکیوں یا پیچدار (گول)سیڑھیوں سے نیچے نہ پھینکا جائے، تا آنکہ، نیچے موجودکوئی مددگار، تمام رکاوٹیں دور ہو جانے کو یقینی بنا لے۔
4. آنکھ کو نقصان پہنچنے والی ہر ممکنہ صورتحال میں، حفاظتی چشمے ضرور استعمال کیے جائیں۔

لیزر کے ساتھ کام کرنا

1. لیزر کی شعاع کو براہ راست ہر گز مت دیکھیں
2. لیزر کی شعاع کا رخ کسی کی آنکھ کی جانب ہر گز مت کریں۔
3. روشنی کے منبع کو عدسے کے ذریعہ براہ راست ہر گز مت دیکھیں۔

زخم و حادثات

1. ہر قسم کے حادثہ و زخم کے بارہ میں، خواہ کتنا ہی چھوٹا کیوں نہ ہو، ہمیشہ اپنے استاد کو مطلع کریں۔
2. کسی بھی کیمیکل کے جلد پر لگنے یا گرنے کی صورت میں متاثرہ جگہ پر، اپنے استاد کے بتائے گئے وقت تک ،مستقل پانی بہائیں۔
3. کسی بھی کیمیکل کے آنکھوں میں پڑ جانے کی صورت میں آنکھ کو، آنکھ دھونے کی جگہ پر ،کم ازکم آدھ گھنٹہ تک دھوئیں نیز ہاتھوں کی مدد سے آنکھ کو کھلا رکھیں۔
4. کسی بھی کیمیکل کےچھلکنے یا گرنے کی صورت میں فورا" اپنے استاد کو مطلع کریں اور صفائی کے لئے بتائے گئے محفوظ طریقے استعمال کریں۔
5. آگ لگنے کی صورت میں عملے کے کسی فرد کو فورا" مطلع کریں ۔ یاد رکھیں اگر آپ یا آپ کے کپڑے آگ پکڑ لیں تو **--رکیں---فرش پر گریں ---اور کروٹیں لیتے رہیں۔**

تجربہ گاہ میں کام مکمل ہو جانے کے بعد:

1. تمام شیشے کی اور دوسری اشیاء صاف کریں اور ہر چیز حسبِ ہدایت، اُس کی جگہ پر واپس رکھیں۔
2. تجربہ گاہ کے بنچ پونچھ دیں۔
3. تمام کیمیکل اور دوسری اشیاء ، صرف اپنے استاد کے بتائے گئے طریق پر تلف کریں۔ سِنک مکمل طور پر صاف اور ہر قسم کے گندبشمول باقی ماندہ ٹھوس اجزاء سے بکلّی پاک ہونے چاہیئں۔
4. حفاظتی چشمے، جراثیم سے پاک کر کے، ان کی درست جگہ پر واپس رکھیں۔
5. اپنے ہاتھ اچھی طرح صابن اور پانی سے دھو لیں۔

******* کسی چیز کے بارہ میں یقینی علم نہ ہونے کی صورت میں اپنے اساتذہ سے پوچھیں!!!! *******

حفاظتی اعلامیہ از طالبعلم

1. میں نے تجربہ گاہ کے تمام حفاظتی قواعدپڑھ لئے ہیں۔
2. میں تمام حفاظتی قواعد پر، اپنی اور اپنے ساتھیوں کی حفاظت کے لئے، کاربند رہوں گا۔
3. مجھے اس بات کا علم ہے کہ تجربہ گاہ کے حفاظتی قواعد کا خیال نہ رکھنے کی صورت میں، مجھے اس سہولت کے استعمال سے محروم بھی کیا جا سکتا ہے۔

دستخط طالبعلم: ____________________ **تاریخ:** ____________________

محترم سرپرست / والدین۔

مندرجہ بالا قواعد، ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کی پالیسی کا حصّہ ہیں، جو آپ کے بیٹے یا بیٹی کی سائنس لیب (تجربہ گاہ) میں محفوظ اور خوش کُن شمولیت کو یقینی بنانے کے لئے، بنائے گئے ہیں۔ براہِ کرم ان قواعد کا اپنے بیٹے یا بیٹی کے ساتھ مطالعہ کریں۔ ان قواعد کی خلاف ورزی، جس میں غیر مناسب لباس پہننا بھی شامل ہے، کی صورت میں آپ کے بچہ کی تجربہ گاہ کے استعمال کی سہولت منسوخ بھی کی جا سکتی ہے۔ تجربہ گاہ کے یہ قواعد ____________________________ پر بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔

دستخط والدین: ____________________ **تاریخ:** ____________________